12/01/2026 07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر میں ۔تجمل احمد۔۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*........ بھارت اور جرمنی کے درمیان تجارت ، سرمایہ کاری ، ٹیکنالوجی اور دفاع جیسے شعبوں میں کئی سمجھوتوں پر دستخط ۔

*........ سوامی وویکا نندا کے یوم پیدائش پر ملک بھر میں آج منایا جا رہا ہے نوجوانوں کا قومی دن // وزیر اعظم کا نئی دلی میں ینگ لیڈرس ڈائیلاگ سے خطاب۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی تمام ترقیاتی پروجیکٹوں کو بر وقت مکمل کرنے اور انسدادِ سیلاب کے لئے تعمیراتی کاموں کو درِ دست لینے کی ہدایت ۔

اور

*........ مالی سال 2026-27 کا میزانیہ یکم فروری کو کیا جائے گا پیش // پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس 28 جنوری سے ۔

بھارت جرمنی

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے جرمنی کے ساتھ اپنی دوستی اور ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔

گجرات کے شہر احمد آباد میں جرمنی کے چانسلر Friedrich Merz کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد چانسلر Merz کے بھارت اور ایشیا کے پہلے دورے سے اِس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ وہ بھارت کے ساتھ تعلقات کو کس قدر اہمیت دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور جرمنی اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ دہشت پسندی پوری دنیا کے لئے خطرہ ہے ۔ ----PM----

اس سے قبل دونوں لیڈروں کے درمیان وفود سطح کی بات چیت بھی ہوئی۔ دو طرفہ بات چیت میں تجارت وسرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی ،دفاع ،پائیدار ترقی اور سائنس و تحقیق کے شعبوں میں مفاہمت ناموں پر دستخط کئے گئے ۔

قومی دن

آج نوجوانوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن سوامی وویکانند کے یومِ پیدائش کے موقعے پر منایا جاتا ہے۔ آج سے نوجوانوں سے متعلق ہفتہ بھر کی تقریبات کا بھی آغاز ہو گیا ۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے سوامی وویکانند اکو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔

وزیراعظم

نیشنل یوتھ ڈے کے موقعے پر وزیراعظم نریندر مودی نے آج شام نئی دلی میں وکست بھارت ینگ لیڈرس مذاکرات 2026 کے اختتامی اجلاس میں شرکت کی ۔ وزیراعظم نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ سوامی وویکا نندا کے اصولوں پر چلتے ہوئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو قومی تعمیر میں بروئے کار لائیں ۔

نریندر مودی نے کہا کہ بھارت ایک نوجوان ملک ہے اور بھارت کے نوجوان کھیل کود سے لے کر سائنس ، ٹیکنالوجی اور اختراع کے شعبوں میں دنیا بھر میں کامیابی کے جھنڈے گھاڑ رہے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان لیڈروں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے ملک کو ہر شعبے میں آگے بڑھائیں ۔

-------pm-------

واضح رہے کہ وکست بھارت ینگ لیڈرس مذاکرات آج وزیراعظم کے خطاب کے ساتھ ہی اختتام پذیر ہو گئے ۔ یہ مذاکرات 9 جنوری سے شروع ہو کر آج 12 جنوری تک چلے ۔ اس ڈائیلاگ میں جموں کشمیر سے بھی 53 نوجوانوں نے سرگرم شرکت دکھائی ۔

لیفٹنٹ گورنر خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سوامی وویکا نندا کے یوم پیدائش پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ سوامی وویکا نندا جی نے پوری دنیا کو قدیم بھارت کے علوم اور تعلیمات سے روشن کیا۔

منوج سنہانے نوجوانوں کے قومی دن پر تمام نوجوانونکو سوامی وویکا ننداا کی تعلیمات سے تحریک حاصل کرنے کی تاکید کی تاکہ ملک کو خود انحصار بنا کروکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جا سکے ۔

کرگل ٹورنامنٹ

ٹورنامنٹ شروع ۔ اِدھر محکمہ یوتھ سروسز اینڈ Ice Hockey کرگل میں پانچواں ایل جی کپ سپورٹس جموں کشمیر کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر انورادھا گپتا نے کہا ہے کہ نوجوانوں کا قومی دن اور لیڈرشپ Enterprenuershipاس بات کی ترغیب دیتا ہے کہ نوجوانوں میں اختراع کاری ، جیسی صلاحیتیں پیدا کی جائیں ،تاکہ وہ بھارت کو ایک عالمی رہنما کے بطور ابھرنے میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں ۔

------DR ANURADHA----

لیفٹنٹ گورنرملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے قومی سطح کے پاور لِفٹر راکیش کمار کو 2025 کی قومی چمپئین شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر مبارک باد پیش کی ہے ۔ Liftingپاور راکیش کمار نے آج لوک بھون جموں میں ایل جی سے ملاقات کی ۔

کی گولڈن جوبلی Studio کی، ان کے آرٹ Kesar اسی دوران ایل جی نے مایا ناز مصور بھوشن کے موقعہ پر عزت افزائی کی ۔

کے صدر سَندیپ مہرا کی قیادت میں بھی ٹرسٹ کے ایک Charitable Trust دریں اثناءمُسکان وفد نے لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کر کے جسمانی طور سے خاص افراد کی بہبودی کے لئے ٹرسٹ کی سرگرمیوں کے بارے میں جانکاری دی ۔

اسی دوران ایل جی نے لوہڑی اور مکر سنکرانتی کے موقعہ پر عوام کو مبارک باد پیش کی ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تمام ترقیاتی پروجیکٹوں کو بر وقت مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے ۔ جموں ضلع کی جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے ضلع میں بنیادی ڈھانچے کے کلیدی پروجیکٹوں ، آبپاشی کے نظام اور انسدادِ سیلاب سے متعلق بحالیاتی کاموں کو رقومات کے منصفانہ استعمال کے ساتھ جلد سے جلد مکمل کرنے پر زور دیا ۔

انہوں نے اس موقعہ پر 19 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح کرنے کے علاوہ قریب ساڑھے 13 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھا ۔ وزیر اعلیٰ نے ساتھ ہی ایک Sewerage مشین اور ایمبولنس گاڑی کو بھی روانہ کیا ۔

اس موقعہ پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، کابینی وزیر جاوید احمد رانا ، سکینہ ایتو ، جاوید احمد ڈار اور ستیش شرما کے علاوہ وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نیز رکنِ پارلیمان جگل کشور شرما بھی موجود تھے ۔

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ میں مالی سال 2026-27 کا سالانہ بجٹ یکم فروری 2026 کوپیش کیا جائے گا۔ نئی دلی میں آج ایک پریس کانفرنس کے دوران سوالوں کا جواب دیتے ہوئے لوک سبھا کے سپیکر اوم برلا نے کہا کہ یکم فروری کو لوک سبھا میں بجٹ پیش کرنے کی کاروائی صبح گیارہ بجے سے شروع ہو گی ۔

اس سے پہلے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے کہا کہ 28 جنوری سے شروع ہو رہے بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ 13 فروری تک جاری رہے گا ،جبکہ اجلاس کا دوسرا مرحلہ 9 مارچ سے شروع ہو کر دو اپریل تک چلے گا ۔

سپیکر

اسمبلی کے سپیکر عبد الرحیم راتھر کی صدارت میں آج سینئر افسروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران انہوں نے جموں میں نئے اسمبلی کمپلیکس ، ایم ایل اے ہوسٹلوں اور دیگر ایسی تنصیبات کی تعمیر و تجدید سے جُڑے امور کا تفصیلی جائزہ لیا ۔

اس موقعہ پر جانکاری دی گئی کہ جموں میں نئے اسمبلی کمپلیکس کی تعمیر اگلے دس روز میں شروع کی جائے گی ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر کے تمام سرکاری سکولوں میں طالبات کے لئے واشروم سہولیات کی دستیابی اور انہیں کار گر حالت میں چالو کرانے پر زور دیا ہے ۔

انہوں نے اس سلسلے میں 15 فروری کی ڈیڈ لائن بھی دی ہے ۔ وہ اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کی ایک میٹنگ میں بول رہے تھے ۔

ڈرون

جموں و کشمیر میں کل شام سانبہ، راجوری اور پونچھ ضلعے میں بین الاقوامی سرحد اور کنٹرول لائن سے متصل کئی علاقوں میں سیکیورٹی فورسز نے مشتبہ ڈرونز کی نقل و حرکت دیکھی۔

یہ ڈرون پاکستان کی طرف سے آئے تھے اور کچھ منٹ بھارتی علاقے کے اوپر پرواز کرنے کے بعد واپس چلے گئے۔ حکام کے مطابق اس کے بعد علاقے میں تلاشی کی کارروائی عمل میں لائی گئی۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، شہر شہر منظر ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر اور نئی منزلیں ، کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ٹیلی فون نمبر 2452019-0194 اور ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com - پر بھیج سکتے ہیں

-----Gong-----

سکمز

شیر کشمیر انسٹچیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ سرینگر نے ایمرجنسی آپریشن تھیٹر کو جراحی کے جدید ترین آلات سے لیس کر کے اسے جدید خطوط پر اُستوار کیا ہے ۔

جیسی سہولیات کی نئی تنصیب سے ادارے Laprascope اور C-Arm Mobile Imaging Unit کی ایمرجنسی خدمات اب مزید بہتر ہو گئی ہیں ۔

ان نئی سہولیات کا افتتاح ڈائریکٹر سکمز پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے ادارے سے وابستہ دیگر سینئر عہدیداروں کی موجودگی میں کیا ۔

اننت ناگ

ضلع انتظامیہ اننت ناگ کی ہدایت پر میونسپل کونسل اننت ناگ نے 2044 تک کے ماسٹر پلان کی عمل آوری سے متعلق تمام متعلقین کے لئے اعتراضات اور تجاویز جمع کرنے کی معیاد میں 21 دن کی توسیع کی ہے ۔

اس بارے میں سبھی ٹریڈ یونینوں اور دیگر سیاسی لیڈروں نیز تنظیموں کی طرف سے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کو یاداشتیں پیش کی گئیں تھیں ۔

سیاحت

کشمیر وادی میں موجودہ موسم سرما کے چلتے یہاں کی سرمائی سیاحت پر آنے والے سیلانی برفیلی چوٹیوں کے ساتھ ساتھ دیگر قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہوتے ہوئے نظر آ رہے ہےں ۔ محکمہ سیاحت کشمیر کے ڈائریکٹر سید قمر سجاد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ وادی آنے والے سیاحوں کی تعداد نہایت حوصلہ افزا ہے۔

...........Qamar Sajad...........

اس دوران کشمیر میں موجود سیاح نہ صرف یہاں کی قدرتی خوبصورتی بلکہ مقامی لوگوں کی مہمان نوازی سے بھی زبردست متاثر ہو رہے ہیں ۔ کئی سیاحوں نے اپنے تجربات کا یوں اظہا رکیا۔

........Tourists........

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج پونچھ جا کر وہاں پارٹی کے سینئر لیڈر اور ایم ایل اے اعجاز جان کے ساتھ تعزیت کی ، جن کی والدہ انتقال کر گئیں ہیں ۔

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار کے اقدامات جموں کشمیر کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے ۔

شیر کشمیر بھون جموں میں منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر کے سبھی خطوں میں حقیقی تعمیر و ترقی کا دور شروع ہو گیا ہے ۔

جنتا دل یونائٹڈ

جنتا دل یونائٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے یوٹی میں امن و قانون کی صورتحال کو احسن طریقے پر بنائے رکھنے کے لئے جموں کشمیر پولیس کی سراہنا کی ہے ۔

ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ جموں کشمیر پولیس کے اہلکاروں نے کسی بھی طرح کی لا قانونیت کو نکارتے ہوئے ہمیشہ امن و استحکام کا ماحول قائم کیا ہے ۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

...........(PM)....Byte...........

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے سرکردہ ادیب اور شاعر ڈاکٹر مشتاق برق نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--(Barq)--

کشمیر پولیس

اسی دوران پولیس نے پلوامہ ضلع کے گھاٹ ٹوکنہ علاقے کے ہلال احمد وانی نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار بر آمد کر لی ہے ۔

دریں اثناءگاندربل پولیس نے معدنیات کی غیر قانونی کانکنی میں استعمال کی جا رہی نو گاڑیوں کو ضبط کیا ہے جن میں دو ٹریکٹر اور سات ٹپر شامل ہیں ۔

نشہ مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، ناکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر موثر تلاشی کارروائیوں کے ذریعے ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جانے چاہیں۔

جی رام جی

خبر جی رام جی سکیم سے متعلق

-----MUSIC-----

حال ہی میں متعارف کئے گئے قانون " وکست بھارت ۔ روزگار گارنٹی اور آجیوکا مشن گرامین“
کا عوامی سطح پر وسیع خیر مقدم کیا جا رہا ہے ۔

جموں صوبے سے تعلق رکھنے والے ایک شخص وِرندر کمار نے اس ضمن میں اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

--------Virendar Kumar----

یہ ہیں ریاسی ضلع سے تعلق رکھنے والے سدھانشو بالی نامی شخص کے تاثرات۔

--------Sudhanshu Bali--------

دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ وکست بھارت جی رام جی ایکٹ کو وزیر اعظم کی گتی شکتی پہل سے جوڑا گیا ہے، تاکہ اسے مزید موثر بنایا جا سکے۔

------Shivraj Singh------

-----MUSIC---------MUSIC-----

تمغہ

میں جاری 2026 کی Diu سرینگر سے تعلق رکھنے والے سالِک بِن فاروق نامی ایتھلیٹ نے
میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر کے سونے کا تمغہ جیت لیا ہے ۔ Beach Games کھیلو انڈیا
یہ گولڈ میڈل انہوں نے 65 سے 70 کلو گرام کے زُمرے میں حاصل کیا ہے ۔

کرگل

ٹورنامنٹ شروع ہو گیا ہے، جس کا افتتاح لداخ خود Ice Hockey کرگل میں پانچواں ایل جی کپ
مختار پہاڑی ترقیاتی کونسل کرگل کے چیف ایگزیکیوٹیو کونسلر ڈاکٹر محمد جعفر آخون نے چیف
کی موجودگی میں کیا ۔ Ashish Kundra سیکریٹری لداخ

ہمارے کرگل کے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ اس ٹورنامنٹ میں مردوں کی دس اور خواتین کی پانچ ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں ۔ سبھی میچوں کو آکاشوانی کرگل کے آفشیل یوٹیوب چینل پر لائیو ٹیلی کاسٹ کیا جائے گا ۔

نے بتایا ۔ Ashish Kundra اس موقعہ پر چیف سیکریٹری لداخ

------- Ashish Kundra ------

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

Winter

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

نائب صدر

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ نابرابری دور کرنے، محروم طبقوں کو با اختیار بنانے اور اس بات کو یقینی بنانے کیلئے تعلیم کا استعمال کیا جانا چاہئے کہ ترقی ملک کے ہر گوشے میں پہنچے۔

وہ آج نئی دلی میں جواہر لال نہرو یونیورسٹی کے تقسیم اسناد کی تقریب میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ رادھا کرشنن نے کہا کہ تعلیم نہ صرف کردار سازی میں اہم رول ادا کرتی ہے بلکہ یہ ہمارے اندازِ فکر کو بھی مستحکم کرتی ہے۔ انہوں نے طلباءسے زور دے کر کہا کہ وہ ملک کی اقتصادی، سماجی اور سائنسی خوشحالی کیلئے کام کریں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت12اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی2اعشاریہ4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت9 اعشاریہ6 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت3 اعشاریہ4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر37منٹ اور غروب آفتاب شام5 بجکر42منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔